© rasailojaraid.com



شیخ حبیب الرحمٰن بٹالوی

# بے پروا

سب کچھ اُس کی دین ہے بابا
یہ دنیا
اک رین ہے بابا
کوئی نہ ویسا رشتہ ناتا
سب سے اچھا مالک داتا
جس جا اُس کا نام بھی آوے
سکھ، سکون، آرام بھی پاوے
ہر مشکل میں کام بھی آوے
گاڑی، موٹر کاریں دے کر
پُتر کا وہ پیار نہ دیوے
دولت بے شمار وہ دے کر
اک دلِ بیدار نہ دیوے

پیدل چلتے شوگر والے
دیکھے اکثر ہُوٹر والے
جوتے دیوے
پاؤں نہ دیوے
پاؤں بھی دے کر
زخمی کر دے
کھانا پینا
سب کچھ دے کر
معدے میں
بدہضمی کر دے
اُس کی مرضی، اُس کی اچھیا!
جو کچھ مالک چاہے ہوگا

☆......☆......☆

© rasailojaraid.com